کتاب: خلافت راشدہ	تالیف: مولانا محمد ادریس کاندھلویؒ

تدوین وفہارس: ڈاکٹر محمد اسعد صدیقی	ضخامت: ۲۴۰ صفحات

قیمت: ۱۷۵روپے	ناشر: زمزم پبلشرز کراچی

متکلم اسلام حضرت مولانا محمد ادریس کاندھلویؒ کا اسم گرامی علمی دنیا میں محتاج تعارف نہیں۔ آپ نے جس موضوع پر بھی قلم اٹھایا ہے۔ اس موضوع کا حق ادا کیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آپ کی تصانیف ادق ہونے کے باوجود مقبول عام ہیں۔ زیر تبصرہ کتاب درحقیقت امام ولی اللہ دہلوی کی مایہ ناز کتاب ازالۃ الخفاء کے مقاصد کلیہ اور مباحث مہمہ کا خلاصہ ہے۔ چونکہ ازالۃ الخفاء روایت ودرایت کا مجموعہ ہونے کی بناء پر مجمع البحرین کا مصداق ہے اور عام قاری کے لئے اس سے استفادہ کرنا انتہائی مشکل ہے۔ حضرت کاندھلویؒ نے اس کتاب کا خلاصہ لکھ کر اس امت پر عظیم احسان فرمایا ہے۔ اس کتاب میں آپ نے مسئلہ خلافت اور مشاجرات صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کو اس خوبی سے یہاں فرمایا ہے کہ اگر اس کا بہ نظر انصاف مطالعہ کیا جائے تو اذہان الناس میں پیدا ہونے والے تمام اشکالات اور اعتراضات خود بخود درفع ہو جائیں گے۔

حضرت کاندھلوی کے خلف الرشید مولانا محمد میاں صدیقی صاحب نے اس کتاب کو محقق اور مدلل فرما کر کتاب کی افادیت میں مزید اضافہ کیا ہے اور بالخصوص خلیفہ سوم حضرت عثمان ذوالنورین کی جانب منسوب بے بنیاد باتوں کا کافی وشافی جواب دے کر بہت بڑا کارنامہ سرانجام دیا ہے۔ اوران تمام خامہ فرسائیوں کی حقیقت واضح کر کے اذہان میں جو شبہات پیدا ہوئے تھے ان کا ازالہ کر دیا ہے۔ مولانا محمد میاں صاحب صدیقی نے اس میں جو اضافے کئے ہیں اس میں کوئی حوالے کے بغیر نہیں' ان کا اس لئے یہ کتاب مختصر ہونے کے باوجود ان اہل علم حضرات کے لئے ایک ماخذ اور مصدر کی حیثیت اختیار کر گئی ہے۔ جو اس موضوع پر مزید علمی کام کرنا چاہیں۔

یہ کتاب درحقیقت علمی طبقوں کے لئے ایک عظیم علمی سوغات ہے اور اس کا مطالعہ ہر طبقہ کے لئے انتہائی ضروری ہے۔ زمزم پبلشرز نے اس کو جدید اور نئے انداز میں شائع کر کے علمی دنیا پر بہت بڑا احسان کیا ہے۔

خط وکتابت کرتے وقت اپنے خریداری نمبر کا حوالہ ضرور دیجئے۔

آپ اپنے مقالات بنام مدیر الحق بذریعہ ای میل بھی بھیج سکتے ہیں۔

editor_alhaq@yahoo.com